© rasailojaraid.com



# چند نئے سلسلے

☆......ماہنامہ وفاق المدارس میں ہم کچھ نئے سلسلے شروع کر رہے ہیں۔

''قارئین کے خطوط'' کا ایک سلسلہ شروع کیا جارہا ہے، ہمارے پاس قارئین کے خطوط آتے ہیں، بعض میں رسالے سے متعلق تجاویز ہوتی ہیں، کسی مضمون پر تنقید وتبصرہ ہوتا ہے یا وفاق المدارس کے امتحانات اور قواعد وضوابط سے متعلق کوئی استفسار ہوتا ہے، آئندہ ایسے خطوط کے ضروری اور قابل اشاعت حصے خط بھیجنے والے کے نام کے ساتھ شائع کیے جائیں گے تاکہ دوسرے قارئین بھی ان سے مستفید ہوسکیں، جو قارئین خطوط ارسال کرنا چاہیں وہ مرکزی دفتر ملتان کے پتہ پر بھی ارسال کرسکتے ہیں اور مدیر کے کراچی کے ایڈریس پر بھی بھیج سکتے ہیں، مدیر کا پتہ یہ ہے: ''ابن الحسن عباسی، جامعہ فاروقیہ، شاہ فیصل کالونی، کراچی، کوڈ نمبر 75230''

☆☆☆

☆......کتابوں اور نئی مطبوعات پر نقد وتبصرے کا سلسلہ بھی ماہ شعبان سے شروع کیا جارہا ہے، جو ناشرین، مصنفین اور ادارے اپنی کتابوں پر تبصرے کے خواہش مند ہیں، وہ دو عدد کتابیں مرکزی دفتر ملتان کے پتہ پر ارسال کردیا کریں۔

☆☆☆

☆......اشتہارات کے لیے پالیسی، ریٹ اور شرائط طے کردی گئی ہیں، آئندہ ماہنامہ وفاق المدارس میں اشتہارات بھی شائع ہوا کریں گے، اشتہارات شائع کرنے والے افراد اگلے صفحے پر دی گئی تفصیلات کی رعایت کرتے ہوئے اشتہارات کی اشاعت کے لیے مرکزی دفتر سے رابطہ کرسکتے ہیں:


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# نرخ نامہ اشتہارات

## برائے ماہنامہ وفاق المدارس ملتان

| نمبر شمار | تفصیلات | ایک ماہ کا نرخ | تین ماہ کی بکنگ پر ایک اشتہار | چھ ماہ کی بکنگ پر ایک اشتہار | ایک سال کی بکنگ پر ایک اشتہار |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ٹائٹل کی پشت کا صفحہ سادہ | 7500 | 6500 | 5500 | 4500 |
| 2 | ٹائٹل کی پشت کا صفحہ رنگین | 9500 | 8800 | 7300 | 6800 |
| 3 | بیک ٹائٹل کی پشت کا صفحہ سادہ | 6500 | 5500 | 4500 | 4000 |
| 4 | بیک ٹائٹل کی پشت کا رنگین صفحہ | 8500 | 8000 | 7500 | 6500 |
| 5 | اندرونی مکمل صفحہ سادہ | 4000 | 3500 | 3000 | 2500 |
| 6 | اندرونی مکمل صفحہ رنگین | 7000 | 6500 | 6000 | 4500 |
| 7 | اندرونی نصف صفحہ سادہ | 2500 | 1800 | 1400 | 1200 |
| 8 | اندرونی نصف صفحہ رنگین | 3750 | 3500 | 3250 | 3150 |
| 9 | اندرونی چوتھائی صفحہ سادہ | 1300 | 1000 | 850 | 750 |
| 10 | اندرونی چوتھائی صفحہ رنگین | 4000 | 3500 | 3200 | 300 |

### شرائط اشتہارات:

۱۔ رنگین اشتہار کے لیے فلم مہیا کرنا ہوگی۔

۲۔ اشتہارات اور اعلانات کی رقم پیشگی ارسال کرنا ضروری ہے۔

۳۔ اشتہارات شرعی تقاضوں کے مطابق ہوں۔

۴۔ وفاق المدارس سے ملحقہ مدارس و جامعات کے تعارفی اشتہارات شائع نہیں کیے جائیں گے۔



© rasailojaraid.com